انڈویجوئل لینڈ

انفرادی آزادی کے لئے کوشاں

پشین

کیا آپکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہو رہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟

- ضلع میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے مواقع فراہم کیے جائیں۔

تعمیر وترقی:

- مواصلاتی رابطوں کو بڑھانے کے لئے مزید سڑکیں/ رابطہ سڑکیں اور فلائی اوورز تعمیر کیے جائیں۔
- پولیس ملازمین کے لئے موزوں کوارٹرز تعمیر کئے جائیں۔
- مزید پولیس اسٹیشنز قائم کئے جائیں۔
- اسکولوں اور دیگر عمارتوں کی مرمت کی جائے اور نئے اسکول اور عمارتیں تعمیر کی جائیں۔
- پشین کے علاقے میں آب پاشی نظام / ٹیوب ویلوں کو بہتر کیا جائے اور پانی کے فلٹریشن پلانٹس نصب کئے جائیں۔

خواتین کی ترقی:

- تمام دفاتر میں خواتین کی ملازمتوں کے لئے لازمی کوٹہ رکھا جائے ۔
- خواتین کے تربیتی مراکز پر خصوصی توجہ دی جائے ۔

امن وامان:

- قانون نافذ کرنے والے ملازمین (بشمول نچلے درجے کے عملے) کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔
- ڈپٹی کمشنر، سیاسی پارٹیوں، قبائلی لوگوں، میڈیا، ٹریڈ یونینز اور سماجی کارکنان پر مشتمل ضلعی نگران کمیٹیاں تشکیل دی جائیں۔
- بچوں اور خواتین کے لئے علیحدہ جیلیں قائم کی جائیں۔
- ملازمین کو جدید اسلحہ اور ہتھیار فراہم کئے جائیں۔
- ہر تھانے کے لئے پولیس کے ملازمین کی تعداد بڑھائی جائے۔
- ایک تھانے کو 5 یونین کونسلوں کے معاملات دیکھنے چاہیئں۔
- پولیس ملازمین کی تربیت میں بہتری لائی جائے۔

نوٹ:

مندرجہ بالا تمام مطالبات پشین کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ان ضروریات کا مطالبہ انڈویجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔

Find us

Individualland

Individualland

Tel: 051-2253438

contact@individualland.com

www.individualland.com

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔تاہم انڈو یجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت " کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

برائے صحت:

اخراجات کی مد	۲۰۱۳-۲۰۱۴	۲۰۱۴-۲۰۱۵
صحت کا کل بجٹ	۲۲۹،۱۴۸،۹۰۰روپے	۴۰۴،۴۴۱،۹۶۰روپے
ضلعی ہیلتھ آفیسر	۱۸۶،۰۲۳،۴۰۰روپے	۲۶۶،۱۸۴،۹۰۰روپے
ضلعی ہیلتھ کوارٹر	۴۳،۱۲۵،۵۰۰ روپے	۷۸،۶۹۶،۹۰۰روپے
عوامی ہیلتھ انجینئرنگ (ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای ڈویژن پشین)	۔	۵۶۰،۱۶۰روپے

برائے تعلیم :

اخراجات کی مد	۲۰۱۳-۲۰۱۴	۲۰۱۴-۲۰۱۵
تعلیم کا کل بجٹ	۹۳۹،۸۳۸،۶۰۰روپے	۱،۱۱۳،۵۰۱،۴۰۰ روپے

برائے تعمیر و ترقی:

اخراجات کی مد	۲۰۱۳-۲۰۱۴	۲۰۱۴-۲۰۱۵
کل بجٹ	۲۰۴،۰۶۵،۳۰۰ روپے	۲۴۱،۴۵۶،۰۷۸روپے
ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای کے لئے سول ورکس	۱۸۷،۷۰۱،۳۰۰روپے	۲۱۲،۶۶۵،۲۴۰روپے
ایگزیکٹو انجینئر / صوبائی بی اینڈ آر کے لئے سول ورکس	۱۰،۸۸۴،۸۳۸روپے	۱۰،۸۸۴،۸۳۸روپے

برائے امن وامان:

اخراجات کی مد	۲۰۱۳-۲۰۱۴	۲۰۱۴-۲۰۱۵
کل بجٹ	۴۶۶،۶۴۴،۸۰۰روپے	۴۹۵،۵۲۹،۴۰۰روپے

خواتین کی ترقی:

اخراجات کی مد	۲۰۱۳-۲۰۱۴	۲۰۱۴-۲۰۱۵
کل بجٹ	۹،۸۷۱،۶۰۰روپے	1۱۰،۰۶۰،۲۰۰روپے
صنعتیں (دستکاری کے ترقیاتی مراکز)	۔	۲،۳۵۰،۷۰۰روپے
صنعتیں (سلائی اور بنائی)	۔	۱،۹۶۶،۵۰۰روپے
صنعتیں (قالین بافی کا تربیتی مرکز)	۔	۵،۷۴۳،۰۰۰روپے

سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر پشین کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے ۔یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جا کر معلومات لیں تا کہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟

'شہریوں کا بجٹ' تشکیل دینا

ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، زیارت کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں:

صحت:

- ضلع میں مزید زچہ بچہ مراکز تعمیر کیئے جائیں۔
- ادویات کی بجٹ میں اضافہ کیا جائے ۔
- ضلعی ہیلتھ کوارٹر پشین میں تمام جدید آلات نصب کیے جائیں اور آپریشن تھیٹر قائم کیئے جائیں۔
- پشین میں شعبہ حادثات / بلڈ بینک قائم کیا جائے۔

تعلیم:

- اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔
- فرنیچر اور اسٹیشنری کی خریداری کے لئے مناسب بجٹ مختص کیا جائے۔
- یونیورسٹیوں کی تعمیر پر توجہ دی جائے۔
- لیبارٹریوں میں مزید سرمایہ کاری کی جائے۔
- اساتذہ کی اسکول میں حاضریوں کو یقینی بنایا جائے ۔